سوال

(33) بچوں کے پاس چھری یا لوہے کی چیز کا رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ اپنے بچوں کو جنوں وغیرہ سے بچانے کے لیے ان کے پاس چھری یا لوہے کی کوئی چیز رکھ دیتے ہیں کیا ایسا کرنا درست ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ عمل درست نہیں اور شرعی طور پر اس کی کوئی صحیح بنیاد موجود نہیں، شرعی طریقہ یہ ہے کہ بچوں کو شیطان کے شر سے بچانے کے لیے دم کیا جائے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو دم کیا کرتے تھے، صحیح البخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دم کے لیے یہ کلمات کہتے "أعوذ بكلمات الله التامة من كل شيطان وهامة ومن كل عين لامة" میں ہر شیطان، ہر زہریلے کیڑے اور ہر نظر بد سے اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں۔ یا بچوں کی حفاظت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔ بچوں کے پاس چھری، چاقو یا لوہا وغیرہ کی کوئی چیز اس اعتقاد سے رکھنا کہ یہ انہیں شیطانی چالوں سے محفوظ رکھے گی تو یہ ناجائز ہے۔ اللہ تعالیٰ صحیح عمل کی توفیق بخشے۔ آمین

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب العقائد والتاریخ، صفحہ:66

محدث فتویٰ